پی. این فلمز کا پیش کردہ

समुंदर

سمندر

اداکاران

بینا رائے. پریم ناتھ. ہیرالال. نیتی

سندر اور الیاس

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اسٹوری مثل مشہور ہے کہ جب دشمنی اپنی حدوں کو بھی پار کر جاتی ہے۔ تو یکایک ایسی دوستی اور محبت کی فضا پیدا ہو جاتی ہے کہ توڑے نہیں ٹوٹتی۔ چاہے زمین و آسمان ایک ہو جائیں۔ چاند ستارے ریزہ ریزہ ہو کر اتر آئیں۔ تب بھی دشمنی پھر نہیں ابھر سکتی — پردہ پر دیکھیں۔

سمندر کے گانے

گانا مکمل

دو پنچھی اڑنے جائیں اور گیت ملن کے گائیں
ہے دنیا میلہ پریت کا یہ سمجھائیں
آہاہاہا۔ ہوا یہ ٹھنڈی ٹھنڈی یہ باغوں کے نظارے
اکیلی مجھے دیکھیں۔ تو چھیڑیں جی ہمارے
پپیہے کی صدائیں
ارمان جگانے جائیں
ہے دنیا میلہ پریت کا یہ سمجھائیں
آہاہاہا۔ کوئلیا یہ بولے
کسی کی تو بھی ہولے
کس دل سے جو پوچھوں
تو ہائے ہیری ڈولے
یہ دنیا بھی شرمائے
شرما کے جھکتے جائیں
ہے دنیا میلہ پریت کا یہ سمجھائیں

گانا نمبر ۳

لڑکی:۔ لے گیا دیکھو دیکھو دِل بھی ہمارا
ہائے نشیلی تیری آنکھوں کا اِشارہ
لڑکا:۔ بہکے قدم ذرا دینا جی سہارا
لڑکی:۔ لے گیا....
لڑکا:۔ جھکی جھکی انکھیوں کے ڈورے یہ گلابی
لائے ہیں دِل پہ کیا کیا خرابی
لڑکی:۔ آگ یہ پہلی پہلی تم نے لگائی
کیوں نظر سے نظر تھی ملائی
سارا قصور جی حضور ہے تمہارا
لے گیا....
لڑکا:۔ بہکے قدم ذرا دینا جی سہارا
لڑکی آؤ جی آؤ کریں کام کی باتیں
لڑکا:۔ بھیگا سماں ہے چھیڑو جی جام کی باتیں
لڑکی:۔ مستی میں کھوئے کسی کے ہوئے
آؤ گزار دیں بہار کی یہ راتیں
لڑکا:۔ نئی بہار ہے یہ نیا ہے زمانہ
جھم جھم کے گانے چلیں پیار کا ترانہ
آؤ جی آؤ میرا دِل یہ پکارا
لے گیا....
ہائے نشیلی تیری آنکھوں کا اِشارا

گانا نمبر ۳

لڑکا: کیسا ساتھ نبھاؤ گے، ہم پیار کی راہوں میں
لڑکی: جیناتیرے قدموں میں، مرنا تیری باہوں میں
لڑکا: کبھی دیکھ نہ بدلو گے، ہم اپنے ارادے کو
لڑکی: لکھا ہوا دل پر ہے اس پیار کے وعدے کو
لڑکا: آتی ہے نظر دل کی تصویر نگاہوں میں
لڑکی: جیناتیرے....
لڑکا: اقرار یہ نازک ہے، ٹوٹے گا تو کیا ہوگا
لڑکی: ہم سے تو نہیں ہوگا، اوروں سے ہوا ہوگا
لڑکا: بھولے سے بھی یہ نغمہ بدلے گا نہ آہوں میں
لڑکی: جیناتیرے..

گانا نمبر ۴

گھمر گھمر گھمرے، چھم چھم چھم چھومیں
جھومیں رے جھومیں۔ دل متوالا
لاگی نیا ہماری کنارے
دیکھتے رہ گئے تیز دھارے
اب نہ طوفان ہے راہ آسان ہے
مل ابھی کر رہی ہیں اشارے
جھومتا ہے جہاں یہ زمیں آسمان
دیکھو بادل بھی لہرا کے آئے
تن بھٹنڈی پون ہے خوشی میں مگن

کیسے گیت رسیلے سنائے
مسکراتی ہوئی زندگانی
کہہ رہی ہے خوشی کی کہانی
موج ساحل بنی
ہر منزل بنی
مِٹ گئی ہے غموں کی نشانی

دِل متوالا۔

گانا نمبر ۵

دِل کو اگا بیں یہ گوارہ بھی نہیں
پیار کیئے بنا گزارہ بھی نہیں
انکھیاں نہ مانے تو دِل کیا کرے
اِتنا بتا دو کہ جیئے یا مرے
اور کوئی ایسا ویسا چارہ بھی نہیں
پیار کیئے بنا۔۔۔
جانے لڑے کب نین رہے
جاتا رہا سب چین رہے
کون یہ آیا۔ دِلکو چُرایا
گھوم کے دیکھا تو اِشارہ بھی نہیں
پیار کیئے بنا۔۔۔
بات ہونے والی تو ہو کے رہے گی
چیز کھینے والی تو کھو کے رہے گی
اِسمیں قصور تو ہمارا بھی نہیں گوارہ بھی نہیں

گانا نمبر ۵

چین نہیں آئے، کہاں دل جائے ۔ سجنوا او بلموا او
لہر کنارے سے بچھڑ گئی ایسے
نظروں سے دور تم ہو گئے پیا جیسے ۔ سجنوا او....
پت جھڑ آئی ۔ چھائی اُداسی
پریت کس ڈر جھائے
پاس نہیں جب تم ہی بالم
من کیسے مسکائے ـــــــ سجنوا او....
آؤں تو آؤں پیا کیسے میں آؤں
تیرے ملن کی راہ نہ پاؤں
چین نہیں آئے کہاں دل جائے ـــ سجنوا او...

گانا نمبر ۶

دیکا: گاؤ رے خوشیوں کا ترانہ ۔ جھوم کے آئی آزادی
دور نہیں وہ دن جب ہوگی
ہری بھری اِک اِک وادی
اپنے ستم کا آپ نشانہ دیکھو وہ صیاد ہوا
اُجڑ گیا تھا جو گلشن وہ پھر سے آباد ہوا
اپنی بستی شاد ہوئی ہے
غیر کے گھر میں بربادی
اپنی دھرتی پر نہ ہوں گے بیگانوں کے ڈیرے
نام نہیں گے قدم بڑھانے کا اب بیجور لٹیرے

لہر لہر بن جائیگی ساگر دیش کی ساری آبادی

لڑکی:۔ آؤ کرما تجھے لہو دوگا کر آج یہ کھاییں قسمیں
آج سے پھر کبھی نہ ہوں گے کسی غیر کے بس میں

لڑکا:۔ جیتے جی نہ چھین سکے گا، کوئی ہماری آزادی

گانا نمبر ۹

اے میرے سجناں ڈھونڈوں کہاں تیرا نشاں
تجھ کو پکارے میرا جہاں

آجا کہیں سے آج یادوں کا قرار لے کے
بیٹھے ہوئے ہیں کب سے تیرا انتظار لے کے

یہ ہوائیں بھیگی بھیگی یہ حسین حسین نظارے
میرے ساتھ کر رہے ہیں تیرا انتظار پیارے
بس اک جھلک دکھادے آنکھوں میں پیار لے کے
کتنی ہیں آرزوئیں، آجا کوئی بہانے — بیٹھے ہوئے۔۔

دل ہی میں رہ نہ جائیں کہیں پیار کے فسانے
میرے چمن میں آجا پھر سے بہار لے کے
ہر دن ذرا بتادو کب آئے گی وہ دنیا — بیٹھے ہوئے۔۔

بیٹھا ہوا ہے جس میں میرے پیار کا کھیویا
مجھ کو گلے لگانے باہوں کا ہار لے کے
بیٹھے ہوئے۔۔

ختم شد

سینڈوولی

کیا آپ اپنے آپکو کمزور محسوس کرتے ہیں۔ اجابت صاف نہیں آتا۔ قبض رہتی ہے۔ اچھے سے اچھا کھانے پر بھی تندرستی خراب ہوتی جا رہی ہے۔ کھایا پیا ہوا دودھ، گھی یا طاقت کی دوائیں آپکو کوئی فائدہ نہیں پہنچاتیں۔ بلکہ الٹی کمزوری آتی ہے۔ یا آپکا کسی کام میں دل نہیں لگتا۔ یادداشت خراب ہو گئی ہے۔ ذرا سی محنت کرنے میں سانس پھولنے لگتی ہے۔ دن رات پڑے رہنے کو جی چاہتا ہے۔ آنکھوں کے نیچے کالے دھبے پڑ گئے ہیں۔ اور آپ کسی بھی ذمہ داری کے کام سے جی چرانے لگے ہیں۔ فکر ڈر یا گھبراہٹ رہتی ہے۔ کمر پنڈلی اور سر میں درد رہتا ہے۔ جسم میں خون کا بننا بند ہو گیا ہے۔ یا اسی طرح کی تکلیف ہو تو علاج میں دیر کرنا خطرناک ہے۔ آپ آج ہی سینڈوولی منگائیں۔ اس سے آپکی تکلیفیں جلد دور ہو جائیں گی۔ اگر پورا کورس استعمال کرنے پر بھی فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس کرنیکی گارنٹی کا فارم ساتھ بھیجا جاتا ہے۔

قیمت	۱ شیشی	۱۵ دن کا کورس	۳|۲|-
"	۲ "	۳۰ " " "	۵|۰|۱-
"	۳ "	۴۵ دن کا پورا کورس	۷|۱|-

محصول ڈاک معاف

ایک سال یا اس سے زیادہ دنوں کے بیمار پورا کورس ہی استعمال کریں۔

اپنے آپکو کمزور رکھنا پاپ ہے۔ طاقتور بنکر اپنے گھر، سماج و دیش کو خوبصورت بنانے میں اپنی مدد دیجئے۔

نریندر اینڈ کمپنی دریبہ کلاں گنجس ٹریٹ دہلی

لال آباد پریس دہلی